سوال

(330) حد سے بڑھے ہوئے دانتوں کا نکالنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دانتوں کے نکالنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حد سے بڑھے ہوئے دانتوں کے نکلوانے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ ایسے دانت چہرے کی بدنمائی اور انسان کے لیے کوفت کا باعث بنتے ہیں۔ اسی طرح ریتی وغیرہ سے انہیں برابر کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں۔ لیکن ان میں فاصلہ پیدا کرنا اور انہیں باریک کرنا جائز نہیں ہے، اس لیے کہ اس بارے میں نہی وارد ہے۔۔۔ شیخ ابن جبرین۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

مختلف فتاویٰ جات، صفحہ: 350

محدث فتویٰ